**16.08.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................ کلیم احمد

**Music**

--------------------------

☆ امتحانات کا انعقاد کرنے سے متعلق ایجنسی NTA نے UGC-NET 2026 کے 84 مضامین کیلئے عبوری Answer Keys جاری کردی ہیں۔ اعتراضات داخل کرنے کی سہولت منگل تک دستیاب رہے گی۔

☆ جھارکھنڈ میں JPSC اور JSSC امتحان میں بے ضابطگیوں کے خلاف احتجاج کرنے والے طلباء نے وزیرِ اعلیٰ ہیمنت سورین کے استعفے کا مطالبہ کیا ہے۔

☆ آج سابق وزیرِ اعظم اٹل بہاری واجپئی کو، اُن کی برسی پر خراجِ عقیدت پیش کیا جارہا ہے۔ مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے راجستھان میں اُن کے مجسمے کی نقاب کشائی کی۔

☆ شمال مغربی خلیجِ بنگال کے اوپر پھر سے ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ بننے سے شمالی اڈیشہ میں سیلاب کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔

☆ بیڈمنٹن میں، بھارت کل سے شروع ہونے والی BWF عالمی چمپئن شپ کی میزبانی کرے گا۔

☆ اور کرکٹ میں، بنگلہ دیش نے آسٹریلیا کے خلاف ٹسٹ میچ میں تاریخی کامیابی حاصل کی ہے۔

--------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**NTA Answer Keys Released**

امتحانات کا انعقاد کرنے سے متعلق ایجنسی NTA نے UGC-NET جون 2026 کے امتحان کے 84 مضامین کیلئے عبوری Answer Keys جاری کردی ہیں۔ NTA نے چیلنج کرنے سے متعلق سہولت بھی فراہم کی ہے، جو اِس مہینے کی 18 تاریخ تک دستیاب رہے گی۔

امیدوار UGC-NET پورٹل کے ذریعے Answer Keys کو آن لائن چیلنج کرسکتے ہیں۔ ایجنسی نے کہا ہے کہ امیدواروں کو ہر چیلنج کے تعلق سے دستاویزی ثبوت پیش کرنا ہوگا۔ NTA نے یہ بھی کہا ہے کہ کسی دیگر Mode کے توسط سے پیش کئے گئے چیلنج کو قبول نہیں کیا جائے گا۔ پروسیسنگ فیس ادا کرنے کی آخری تاریخ 18 اگست ہے۔

NTA نے کہا ہے کہ انگریزی، کامرس اور Sociology سمیت بقیہ تین مضامین کیلئے سوالناموں میں مختلف طرح کی غلطیوں کے تعلق سے شکایتوں کی جانچ کیلئے ایک کمیٹی بنائی گئی ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ کمیٹی کی سفارشات کی بنیاد پر اِن

تین مضامین کے سلسلے میں ایک علیحدہ پبلک نوٹس آج بعد میں جاری کیا جائے گا۔ NTA نے متعلقہ امیدواروں کو صلاح دی ہے کہ وہ ایجنسی کی ویب سائٹ اور اس کے تصدیق شدہ سوشل میڈیا Handles پر دستیاب جانکاری پر ہی بھروسہ کریں۔x

**Jharkhand Protest**

جھارکھنڈ میں JPSC اور JSSC امتحان میں مبینہ بے ضابطگیوں کے خلاف احتجاج کرنے والے طلباء نے وزیرِ اعلیٰ ہیمنت سورین کے استعفے کا مطالبہ کیا ہے۔ مظاہرین نے پہلی مرتبہ اس طرح کی مانگ کی ہے اور اعلان کیا ہے کہ اس مہینے کی 20 تاریخ کو وزیرِ اعلیٰ کی رہائش گاہ کے باہر بڑا احتجاج کیا جائے گا۔ انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ اگر اُن کے مطالبات پر توجہ نہیں دی گئی تو وہ اپنا ایجی ٹیشن جاری رکھیں گے۔ Reform Manch نے کہا ہے کہ آنے والے دنوں میں ایجی ٹیشن میں تیزی لائی جائے گی اور اس سلسلے میں بھگت سنگھ کے نظریات اور جذبے سے ترغیب حاصل کی جائے گی۔ یہ طلباء JPSC اور JSSC-CGL امتحانات رد کرنے اور مبینہ بے ضابطگیوں کی جانچ CBI سے کرائے جانے کا مطالبہ کررہے ہیں۔x

**BJP Congress Vande Mataram**

BJP نے کانگریس پارٹی پر یومِ آزادی کے موقع پر قومی گیت وندے ماترم کی مخالفت کرنے کا الزام لگایا ہے۔ آج نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، BJP کے ترجمان پردیپ بھنڈاری نے الزام لگایا کہ کانگریس ہیڈکوارٹرس پر یومِ آزادی کی تقریب کے دوران کانگریس کی سرکردہ رہنما سونیا گاندھی نے وندے ماترم گائے جانے کو روکنے کی کوشش کی۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ کانگریس پارٹی نے نہ صرف قومی گیت بلکہ آئین اور ملک کے عوام کی بھی توہین کی ہے۔

**SB - Pradeep Bhandari**

جناب پردیپ بھنڈاری نے کیرالہ کی کانگریس سرکار پر بھی کل سرکاری پروگراموں میں وندے ماترم گائے جانے سے گریز کرنے کا الزام لگایا۔

انہوں نے یہ الزام عائد کیا کہ کیرالہ سرکار نے پوری طرح کانگریس کے رہنماؤں راہل گاندھی اور سونیا گاندھی کی منشا کے مطابق کام کیا ہے۔

اِدھر کانگریس کے ترجمان جے رام رمیش نے BJP کے الزامات پر کہا کہ یومِ آزادی کی تقریب کے دوران پارٹی ہیڈکوارٹرس پر قومی گیت وندے ماترم پورا گایا گیا۔

**SB - Jairam Ramesh**

**Prez PM Vajpayee Tribute**

آج سابق وزیرِ اعظم اٹل بہاری واجپئی کو، اُن کی برسی پر خراجِ عقیدت پیش کیا جارہا ہے۔ BJP کے سرکردہ رہنما اٹل بہاری واجپئی نے 2018 میں آج کے ہی دن آخری سانس لی تھی۔

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدرِ جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اور وزیرِ اعظم نریندر مودی نے قومی راجدھانی میں

سابق وزیرِ اعظم اٹل بہاری واجپئی کے میموریل Sadaiv Atal پر جاکر انہیں گلہائے عقیدت نذر کئے۔
سابق صدرِ جمہوریہ رام ناتھ کووند، راجیہ سبھا کے ڈپٹی چیئرمین ہری ونش، لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا، مرکزی وزیر راج ناتھ سنگھ، دلّی کی وزیرِ اعلیٰ ریکھا گپتا اور BJP کے قومی صدر نتن Nabin بھی اِس موقع پر موجود تھے۔x

## Shah

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ سابق وزیرِ اعظم اٹل بہاری واجپئی نے وزیرِ اعظم کا عہدہ سنبھالنے سے پہلے طویل عرصہ اپوزیشن میں گزارا لیکن انہوں نے کبھی بھی اپنے اصولوں کے ساتھ کوئی سمجھوتہ نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ اسی لئے واجپئی جی کو اجات شترو کہا جاتا ہے۔ اس کا مطلب، ایسا شخص ہے، جس کا کوئی دشمن نہ ہو۔
جناب امت شاہ آج سابق وزیرِ اعظم اٹل بہاری واجپئی کی برسی کے موقع پر، اُن کے مجسمے کی نقاب کشائی اور مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کرنے کے بعد راجستھان کے چتوڑ گڑھ ضلع میں Nimbahera کے مقام پر ایک پروگرام سے خطاب کررہے تھے۔

**SB - Amit Shah**

## Amrit Udyan

دلّی میں امرت اُدیان کو آج سے عام لوگوں کیلئے کھول دیا گیا ہے اور یہ اگلے مہینے کی 15 تاریخ تک کھلا رہے گا۔
یہ باغ صبح 10 بجے سے شام 6 بجے تک کھلا ہے اور اِس میں شام پانچ بجے تک جانے کی اجازت ہے۔ امرت اُدیان رکھ رکھاؤ کیلئے ہر پیر کو بند رہے گا۔x

## Keralam Onam Festival

کیرالم میں تہوار کی چہل پہل دیکھی جارہی ہے کیونکہ ریاست کا سب سے بڑا سالانہ تہوار Thiruvonam اِس مہینے کی 26 تاریخ کو منایا جائے گا۔ آج Atham کے ساتھ اونم منائے جانے کا سلسلہ شروع ہورہا ہے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ...

**VC - Smithy**

*اونم، محض ایک دن کا تہوار نہیں ہے۔ اِس تہوار کی باضابطہ تقریبات آج Atham کے روز شروع ہوئی ہیں، جنہیں صبح سے پوری ریاست میں منایا جارہا ہے۔ Atham کے موقعے پر گھروں میں مختلف پھولوں سے بنائے جانے والے رنگین قالین Atha-pookkalam کو خاص مقام حاصل ہے، جس میں Thiru-Vonam کے روز تک مزید تازہ پھولوں کا اضافہ کیا جاتا ہے۔*
*اِس کے علاوہ، وسطی کیرالہ میں Tri-Punithura کے مقام پر ایک عظیم الشان Atha-Chama-Yam جلوس نکالا جاتا ہے، جس میں ریاست کی مالامال ثقافت اور وراثت کو روایتی آرٹ کے مظاہروں سے اجاگر کیا جاتا ہے۔*

سبریمالا مندر کو آج، ماہانہ پوجا ارچنا کیلئے کھول دیا گیا ہے، جبکہ اونم پوجا کا انعقاد 24 سے 28 اگست تک ہوگا۔

تھرواننت پرم سے Smithy M Palluruthy کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں عبدالمالک

**Odisha Flood**

شمال مغربی خلیجِ بنگال کے اوپر پھر سے ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ بننے سے شمالی اڈیشہ میں سیلاب کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔ بھارتی موسمیات محکمے نے وہاں کل تک شدید سے لے کر بہت شدید بارش کا سلسلہ جاری رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔

بیترنی، برہمنی، سالندی، جلاکا اور بوڑھا بلنگا دریا کا پانی کئی علاقوں میں بھر گیا ہے۔ اس کے مدنظر 6 ضلعوں بالاسور، بھدرک، جاج پور، میوربھنج، Keonjhar اور کیندرپاڑا میں سخت چوکسی برتی جارہی ہے۔ 500 سے زیادہ گاؤوں میں تقریباً دو لاکھ 70 ہزار افراد متاثر ہوئے ہیں۔ 95 ہزار سے زیادہ افراد کو امدادی کیمپوں میں منتقل کیا گیا ہے، جہاں پکا ہوا کھانا، پینے کا پانی اور طبی امداد فراہم کی جارہی ہے۔x

**IMD Weather**

بھارتی موسمیات محکمے نے اروناچل پردیش، گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال، اڈیشہ، اترپردیش اور اتراکھنڈ میں کل تک موسلادھار بارش کا سلسلہ جاری رہنے کے امکان کے مدنظر اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

اِدھر ہماچل پردیش، جموں و کشمیر، کونکن، گوا، مہاراشٹر، مدھیہ پردیش اور شمال مشرقی بھارت کے بعض حصوں میں بھی کل تک تیز بارش کا سلسلہ جاری رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔

اِدھر قومی راجدھانی دلّی میں آج شام یا رات تک ہلکی سے لے کر بہت ہلکی بارش ہونے کا امکان ہے۔x

**BWF C'ship Delhi**

بھارت کل سے 23 اگست تک نئی دلّی کے اندرا گاندھی اسٹیڈیم میں ہونے جارہی BWF ورلڈ چمپئن شپ کی میزبانی کرے گا۔ خواتین کے سنگلز میں پی وی سندھو بھارتی چیلنج کی قیادت کریں گی۔

مردوں کے سنگلز میں لکشیہ سین شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کیلئے پوری طرح تیار ہیں۔ آیوش شیٹی افتتاحی راؤنڈ میں دفاعی چمپئن اور ٹورنامنٹ میں اول سیڈ کے کھلاڑی چین کے Shi Yuqi کا سامنا کریں گے۔x

**Rev Cricket Bangladesh Australia**

کرکٹ میں، آسٹریلیا کے شہر Darwin میں پہلے ٹسٹ میچ میں بنگلہ دیش نے آسٹریلیا کے خلاف 9 وکٹ سے تاریخی کامیابی حاصل کی ہے۔ آسٹریلیا کی سرزمین پر بنگلہ دیش نے پہلی مرتبہ ٹسٹ میچ جیتا ہے اور یہ آسٹریلیا پر اُس کی دوسری جیت ہے۔

بنگلہ دیش کی اِس کامیابی میں مہدی حسن معراج کا اہم رول رہا۔ انہوں نے پہلی اننگز میں اہمیت کی حامل ہاف سینچری بنائی اور آسٹریلیا کی دوسری اننگز میں پانچ کھلاڑیوں کو آوٹ کیا۔ آسٹریلیا کی پوری ٹیم 284 رَن بناکر آوٹ ہوگئی۔

Cameron Green کے 104 رَن سے آسٹریلیا کیلئے کچھ امیدیں پیدا ہوئی تھیں، جو اُن کی تیسری ٹسٹ سینچری ہے، جبکہ آسٹریلیا میں انہوں نے پہلی بار سینچری بنائی لیکن بنگلہ دیش کے گیند بازوں نے اپنی گرفت برقرار رکھی اور آسٹریلیا کی سبقت کو صرف 56 رَن تک محدود رکھا۔ اس کے بعد بنگلہ دیش نے جیت کا معمولی نشانہ 14 اوورس اور دو گیندوں میں صرف ایک وکٹ کھوکر حاصل کرلیا۔x

## India BRICS Meeting

بھارت، منگل کے روز نئی دلّی میں BRICS ممالک کے ماحولیات سے متعلق وزراء کی بارہویں میٹنگ کی میزبانی کرے گا۔ اِس میٹنگ سے قبل، کُل BRICS ممالک کے ماحولیات سے متعلق ورکنگ گروپ اور آب و ہوا میں تبدیلی اور موسم کیلئے سازگار پائیدار ترقی سے متعلق رابطہ گروپ کے سینئر عہدیداروں کی میٹنگ منعقد کی جائے گی۔

یہ میٹنگ ''بھارت کی BRICS صدارت 2026 - استحکام، اختراع، باہمی تعاون اور پائیداری کیلئے تعمیر'' کے بنیادی موضوع کے تحت منعقد کی جائے گی۔ اِس میٹنگ کی صدارت ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کے مرکزی وزیر بھوپیندر یادو کریں گے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆